| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 5 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: میر اتعارف (دہرائی)

## حاصلاتِ تعلّم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اپنا مختصر تعارف کروا سکیں۔ مثلاً اپنا نام، عمر، پسندیدہ کھیل اور پسندیدہ کھانے بتا سکیں اور یہ بھی کہ بڑے ہو کر وہ کیا بننا چاہتے ہیں؟
- اپنی اچّھی عادات کی نشان دہی کر سکیں۔ (سچ بولنا، بڑوں کی عزّت کرنا اُن کا کہا ماننا، صبح جلدی جاگنا وغیرہ)۔
- دوسروں کی اچّھی عادات کے بارے میں جان سکیں۔
- پسند کی بنیاد پر جان سکیں کہ آپ کس طرح ایک جیسے اور کس طرح ایک دوسرے سے مختلف ہیں؟

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## طریقہ تدریس: 10 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "میرا تعارف" لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں۔ آج ہم اس سبق کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- طلبہ کو سبق کی پڑھائی کروائیں اور تصاویر کے بارے میں بتائیں کہ صفحہ نمبر 3 کی تصویر میں اسد ہے جو کہ اپنا تعارف کروا رہا ہے جبکہ صفحہ نمبر 4 میں آمنہ کی تصویر ہے۔ ان دونوں کی اپنی اپنی عادتیں، پسند ناپسند ہے، جس کی بنیاد پر یہ دونوں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیئے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔ ورک شیٹ حل کرنے میں طلبہ کی راہ نمائی کریں۔

## اعادہ: 10 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

**20منٹ** **ورک شیٹ**

| نام:___________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: میرا تعارف (دہرائی) |
|---|---|---|

**سوال 1: سوالات کے جواب دیں۔**


ا: اسد بڑا ہو کر کیا بننا چاہتا ہے؟

________________________________________

۲: آمنہ بڑی ہو کر کیا بننا چاہتی ہے؟

________________________________________

سوال 2: دی گئی تصویروں میں سے اپنی پسندیدہ چیزوں پر '✓' کا نشان لگائیں۔




| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| --- | --- | --- | --- |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 5 دوسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: میرا جسم (دہرائی)

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- انسانی جسم کے اہم اعضا کے نام بتا سکیں، آنکھیں، ناک، کان، منہ، ہاتھ، بازو، پاؤں اور ٹانگیں۔
- جسم کے مختلف اعضا کے کاموں کے متعلق جان سکیں۔
- ان اعضا کی نشان دہی کر سکیں جو دیکھنے، سننے، سونگھنے، چکھنے اور چھونے میں مدد کرتے ہیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** 10 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "میرا جسم" لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں آج ہم اس سبق کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کے لیے تیاری بہتر ہو جائے۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 6 کی پڑھائی مکمل کروائیں۔
- انھیں بتائیں ہمارے جسم کے مختلف حصّے ہیں جو مختلف کام کرنے میں ہمیں مدد دیتے ہیں۔
  جیسے ہم اپنی ناک سے سانس لیتے، منہ سے کھانا کھاتے اور پاؤں اور ٹانگوں سے چلتے اور دوڑتے ہیں۔
- طلبہ سے مختلف اعضا کے نام پوچھیں۔
- سبق کی دہرائی مکمل کروانے کے بعد طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور انھیں ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔ ورک شیٹ حل کرنے میں طلبہ کی راہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** 10 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

**20منٹ** **ورک شیٹ**

| **نام:**___________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: میرا جسم (دہرائی)** |
|---|---|---|

**سوال 1: سوالات کے جواب دیں۔**


ا: ہم اپنے منھ سے کیا کام لیتے ہیں؟

______________________________

۲: ناک سے ہم کیا کام لیتے ہیں؟

______________________________

سوال 2: جسم کے حصّوں کے نام لکھیں۔



| سبقی منصوبہ بندی:3 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: اوّل | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 5 تیسرا دن | اُستاد کا نام: _____ |

**سبق کا نام: میرا جسم (دہرائی)**

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پانچ حسّوں کے نام بتا سکیں۔
- پانچوں حِسّوں کے متعلق بیان کرنے کے طریقے جان سکیں (دیکھنا: روشن، مدھم اور رنگوں کی پہچان) (سننا: اُونچا، دھیما، کم، زیادہ) (سونگھنا: خوش بو، بدبو) (چکھنا: میٹھا، کھٹّا، کڑوا، نمکین) (چھونا: ملائم، سخت، نرم، کھردرا، ٹھنڈا، گرم)

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**طریقہ تدریس:** **10منٹ**

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں آج ہم اس سبق کے بقیہ حصّے کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کے لیے تیاری بہتر ہو جائے۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 7 اور 8 کی پڑھائی مکمل کروائیں۔
- انھیں بتائیں ہماری پانچ حِسّیں ہیں: دیکھنا، سُننا، چکھنا، چُھونا اور سونگھنا۔ آنکھیں دیکھنے میں، کان سننے میں، زبان چکھنے میں، ہاتھ چھونے میں اور ناک سونگھنے میں ہماری مدد کرتی ہے۔
- سبق کی دہرائی مکمل کروانے کے بعد طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور انھیں ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔ ورک شیٹ حل کرنے میں طلبہ کی راہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** **10منٹ**

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

## ورک شیٹ

20منٹ

| نام:____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: میرا جسم (دہرائی) |
| --- | --- | --- |

**سوال1: سوالات کے جواب دیں۔**

۱:     ہماری کتنی حسّیں ہیں؟

______________________________________________

۲:     حِسّوں کے نام لکھیں۔

______________________________________________

سوال2: ہر تصویر کو متعلقہ حِس سے ملائیں۔







سُونگھنا

چکھنا

چھُونا

سُننا

دیکھنا





